© rasailojaraid.com



# تبصرے

**سائنس کے کرشمے** | مرتبہ میر حسن صاحب ایم۔ اے تقطیع خورد ضخامت ۱۱۲ صفحات کتابت وطباعت متوسط قیمت مجلد عہ ر پتہ :- ادارۂ ادبیات اردو، رفعت منزل خیریت آباد حیدر آباد دکن۔

یہ کتاب ان چند اردو تقریروں کا مجموعہ ہے جو حیدر آباد کے ریڈیو اسٹیشن سے سائنس کے موضوع پر مختلف اصحاب نے نشر کی تھیں، ان تقریروں کا مقصد اردو خواں طبقہ کو سائنس کی ان موٹی موٹی باتوں سے واقف کرنا ہے۔ جن کا جاننا ہر معمولی تعلیمیافتہ کے لئے ضروری ہے۔ چنانچہ اس مجموعہ میں ہوا، پانی، بجلی، ہوابازی ٹیلی فون، کیمیائی جنگ اور ریڈیو پر سات مضامین سات اصحاب کے لکھے ہوئے شامل ہیں۔ زبان عام فہم اور سلیس ہے۔ شروع میں میر حسن صاحب نے سائنس کا تعارف کراتے ہوئے اس کی اہمیت اور ضرورت پر روشنی ڈالی ہے کتاب معلوماتِ عامہ کے سلسلہ میں بہت مفید ہے۔ ہر اردو خواں کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔

**ہماری غذا** | مترجمہ سید مبارز الدین احمد صاحب رفعت تقطیع متوسط ضخامت ۱۵۲ صفحات کتابت وطباعت اور کاغذ بہتر قیمت عہ ر پتہ :- انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی۔

یہ کتاب مسٹر رابرٹ میکریسن ڈائرکٹر آف نیوٹریشنل ریسرچ یا سچر انسٹیٹیوٹ کونور کی کتاب کا سلیس وعام فہم ترجمہ ہے۔ یہ کتاب بائیس ابواب پر مشتمل ہے جن میں فاضل مصنف نے بڑی وضاحت اور عمدگی سے یہ بتایا ہے کہ غذا کا مقصد کیا ہے؟ حیاتین کی قسمیں کتنی ہیں۔ ان کا عام اثر صحت اور جسمانی نشوونما پر کیا ہوتا ہے۔ کس کس غذا میں کونسا حیاتین کس مقدار میں پایا جاتا ہے، پروٹین کس کو کہتے ہیں۔ اس کی کتنی قسمیں ہیں یہ کتنے اجزاء پر مشتمل ہوتی ہیں۔ غذا میں اس کی کیا اہمیت ہے۔ ہندوستانی اور یورپین غذاؤں میں کیا کیا نقائص ہیں۔ اور ان کی اصلاح کس طرح ہو سکتی ہے۔ آخر میں ہندوستان کی اشیاءِ خوردنی کی ایک



© rasailojaraid.com